امتحانی پرچہ مطالعہء پاکستان برائے جماعت دہم کی تیاری کے لیے ہدایات

ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

مطالعہء پاکستان برائے جماعت دہم کا سالانہ پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو تین گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا جس کی تقسیم (Pairing Scheme) حسب ذیل ہے:

حصّہ اوّل: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 20)

حصّہ دوم: مختصر جوابی سوالات (کل نمبر 50)

حصّہ سوم: مفصل جوابی سوالات (کل نمبر 30)

مطالعہ پاکستان برائے جماعت دہم کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

حصّہ اوّل	سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	1×20= 20 کل نمبر 20	کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب (ماسوائے باب چہارم و ہفتم) کے متن کو ملحوظ رکھیں جس کی تقسیم حسب ذیل ہے: کثیر الانتخابی سوالات باب اوّل، باب دوم میں سے تین تین سوالات، باب سوم میں سے پانچ، باب پنجم میں سے تین، باب ششم میں سے تین اور باب ہشتم میں سے تین کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔
حصّہ دوم	سوال نمبر 2: مختصر جوابی سوالات	2×8=16 کل نمبر 16	اس حصے میں کل بارہ (12) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے آٹھ (8) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے میں باب دوم میں سے سات اور باب ششم میں سے پانچ سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔
	سوال نمبر 3: مختصر جوابی سوالات	2×8=16 کل نمبر 16	اس حصے میں کل بارہ (12) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے آٹھ (8) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے میں باب پنجم میں سے سات اور باب ہشتم میں سے پانچ سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔

	سوال نمبر 4: مختصر جوابی سوالات	18=9×2 کل نمبر 18	اس حصے میں کل تیرہ (13) مختصر جوابی سوالات بنائے جائیں جن میں سے کوئی سے نو (9) سوالات کے مختصر جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے میں باب اوّل میں سے چھے اور باب سوم میں سے سات سوالات پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔
حصّہ سوم	سوال نمبر 5: مفصل جوابی سوالات	30=10×3 کل نمبر 30	کتاب کی مشقوں (ماسوائے باب چہارم و ہفتم) میں دیے گئے مفصل جوابی سوالات میں سے ہی پانچ (5) سوالات دیے جائیں اور ان میں سے کوئی سے تین سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب دس (10) نمبر پر مشتمل ہوگا۔ ان پانچ (5) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے: (i) پہلا جزو باب اوّل سے لیا جائے۔ (ii) دوسرا جزو باب دوم سے لیا جائے۔ (iii) تیسرا جزو باب سوم سے لیا جائے۔ (iv) چوتھا جزو باب پنجم سے لیا جائے۔ (v) پانچواں جزو باب ششم یا ہشتم سے لیا جائے۔